ربنا سے شروع ہونے والی دعائیں

اہل وعیال سے آنکھوں کی ٹھنڈک کی دعا
رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا
(فرقان 74)

دنیااور آخرت کی بھلائی کی دعا
رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ
(البقرۃ 201)

خسارے سے بچنے کی دعا
رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ
(الاعراف 23)

دلوں کی بھلائی کے لئے
رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ لِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَ لَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا
غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ
(الحشر 10)

عباد الرحمٰن کی خاص دعا
رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا اِنَّهَا سَآءَتْ
مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا
(فرقان 65-66)

نیک کام کی قبولیت کی دعا
رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَ تُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ
التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ
(البقرہ 127-128)

صراط مستقیم پر استقامت کی دعا
رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَ هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ
(آل عمران 8)

اللہ کے سپاہی کی دعا
رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ
(البقرۃ 250)

رحمت کی دعا
رَبَّنَا اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّ هَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا
(الکہف 10)

قبولیت کی دعا
رَبَّنَا اٰمَنَّا بِمَا اَنْزَلْتَ وَ اتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ
(آل عمران 53)

مجاہدین کی دعا
رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ اِسْرَافَنَا فِيْ اَمْرِنَا وَ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ
آل عمران 147

مغفرت کی دعا
رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ قِنَا عَذَابَ النَّارِ
(آل عمران 16)

بخشش کی دعا
رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ
(مومنون 109)

نماز، اولاد اور والدین کیلئے
رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ
رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَ لِوَالِدَيَّ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ
(ابراہیم 40-41)

نعمتوں کی شکر گزاری
رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ عَلٰى وَالِدَيَّ وَ اَنْ
اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَ اِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ
(سورۃ الاحقاف 15)

Prepared By: محمد عمر خان 0300-0322 0310-0347 6366221 0334-6066221 061-4586619-4588801

الأذكار بعد الصلاة المفروضة فرض نمازوں کے بعد کے اذکار

اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰه میں اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں • **اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰه** • **اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰه** (مسلم 591) • **اَللّٰهُ اَكۡبَرُ** اللہ سب سے بڑا ہے (بخاری 842)

اَللّٰهُمَّ اَنۡتَ السَّلَامُ وَمِنۡكَ السَّلَامُ تَبَارَكۡتَ يَا ذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِكۡرَامِ (مسلم، ابوداؤد 1011)

اے اللہ! تو ہی سلامتی والا ہے اور تیری طرف سے ہی سلامتی ہے، تو بابرکت ہے، اے بزرگی اور عزت والے

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیۡ عَلٰی ذِكۡرِكَ وَشُكۡرِكَ وَحُسۡنِ عِبَادَتِكَ (ابوداؤد 1022)

اے رب! میری مدد فرما کہ میں تیرا ذکر کروں، تیرا شکر ادا کروں اور تیری اچھی عبادت کروں

اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعۡطَيۡتَ، وَلَا مُعۡطِیَ لِمَا مَنَعۡتَ وَلَا يَنۡفَعُ ذَا الۡجَدِّ مِنۡكَ الۡجَدُّ

اے اللہ! جو تو عطا فرمائے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو تو روک لے اسے کوئی دینے والا نہیں اور کسی صاحب مرتبہ کی عزت تیرے ہاں اسے کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتی (بخاری 844) (ابوداؤد 1505)

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحۡدَهٗ لَا شَرِيۡكَ لَهٗ، لَهُ الۡمُلۡكُ وَلَهُ الۡحَمۡدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ قَدِيۡرٌ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعۡبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ، لَهُ النِّعۡمَةُ وَلَهُ الۡفَضۡلُ وَلَهُ الثَّنَآءُ الۡحَسَنُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخۡلِصِيۡنَ لَهُ الدِّيۡنَ وَلَوۡ كَرِهَ الۡكَافِرُوۡنَ

اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں ہے، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور اسی کی ہی بادشاہت ہے، اس کیلئے ہی تمام تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ کی مدد کے علاوہ کسی چیز سے بچنے کی طاقت اور کچھ کر سکنے کی قوت نہیں ہے۔ اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں اور ہم اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے۔ اسی کے ہاں سے نعمت اور اسی کیلئے فضل ہے اور اسی کیلئے بہترین تعریف ہے۔ اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں، ہم اپنی بندگی اسی کیلئے خالص کرنے والے ہیں خواہ کافروں کو یہ بات ناپسند ہو (مسلم 594) (نسائی 1339)

سُبۡحَانَ اللّٰهِ (33 مرتبہ) اللہ پاک ہے — **اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ** (33 مرتبہ) تمام تعریف اللہ کیلئے ہے — **اَللّٰهُ اَكۡبَرُ** (33 مرتبہ) اللہ سب سے بڑا ہے

{ 100 کا عدد پورا کرنے کے لیے مندرجہ ذیل کلمات پڑھیں (مسلم 597) }

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحۡدَهٗ لَا شَرِيۡكَ لَهٗ، لَهُ الۡمُلۡكُ وَلَهُ الۡحَمۡدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ قَدِيۡرٌ

اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں ہے، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور اسی کی ہی بادشاہت ہے، اس کے لیے ہی تمام تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے (مسلم 597)

ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں ﴿**اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلۡحَیُّ الۡقَيُّوۡمُ**﴾

ہر نماز کے بعد ایک ایک مرتبہ مندرجہ ذیل سورتیں پڑھیں (ابوداؤد 1523، نسائی 1336)

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱
اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲
لَمۡ يَلِدۡ ۙ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ۝۳
وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۝۱ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝۲
وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝۳
وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۝۴
وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝۵

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ مَلِكِ النَّاسِ ۝۲
اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۙ الۡخَنَّاسِ ۝۴
الَّذِیۡ يُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۝۵
مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝۶

Prepared By: محمد عرفان 0300-0322 0310-0347 6366221 0334-6066221 061-4586619-4588801

آسان اذکار

اللّٰھم صل علی محمد و علی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم انک حمید مجید

اللّٰھم بارك علی محمد و علی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم انک حمید مجید

یٰایھا الذین اٰمنوا اذکروا اللّٰہ ذکرا کثیرا ﴿۴۱﴾

اے ایمان والو! اللہ کا ذکر کثرت سے کیا کرو (سورۃ الاحزاب ۴۱)

لا یزال لسانک رطبا من ذکر اللّٰہ

اپنی زبان ہمیشہ اللہ کے ذکر سے تر رکھو (ترمذی 3375)

اگر آپ چاہتے ہیں کہ قیامت کے دن رسول اللہ ﷺ کی شفاعت کے سب سے زیادہ مستحق ہوں

تو آپ خلوص نیت کے ساتھ پڑھا کیجئے (بخاری 99)

لا الٰہ الا اللّٰہ

اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہر قسم کی تنگی دور ہو اور روزی میں سہولت ہو

تو آپ کثرت سے پڑھا کیجئے (ابوداود 1517، ترمذی 3777)

استغفر اللّٰہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

اگر آپ چاہتے ہیں کہ جنت کا زبردست خزانہ حاصل ہو جائے

تو آپ بکثرت پڑھا کیجئے

لا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم

بخاری 4205

اگر آپ چاہتے ہیں کہ صبح صادق سے لے کر چاشت تک کسی جگہ بیٹھ کر ذکر کرنے سے زیادہ ثواب حاصل کریں

تو آپ تین مرتبہ پڑھا کیجئے (مسلم 2726)

سبحان اللّٰہ وبحمدہ عدد خلقہ ورضا نفسہ وزنۃ عرشہ ومداد کلماتہ

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے تمام گناہ معاف ہو جائیں، چاہے وہ سمندر کے جھاگ کے برابر کیوں نہ ہوں

تو آپ روزانہ 100 مرتبہ صبح وشام پڑھا کیجئے (مسلم 2691)

سبحان اللّٰہ وبحمدہ

اگر آپ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی تمام پریشانیوں کو دور فرما دے

تو آپ صبح وشام سات سات مرتبہ پڑھا کیجئے (ابوداود 5081)

حسبی اللّٰہ لا الٰہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم

اگر آپ چاہتے ہیں کہ وہ عمل کریں جو اللہ تعالیٰ کو ساری دنیا سے زیادہ محبوب ہے

تو آپ بکثرت پڑھا کیجئے (مسلم 2695)

سبحان اللّٰہ والحمد للّٰہ ولا الٰہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر

Prepared by : Muhammad Umar Khan 0300 - 0322- 6366221 - 0334-6066221

کتاب زندگی

کے ورق برابر الٹ رہے ہیں، ہر آنے والی صبح ایک نیا ورق الٹ دیتی ہے

یہ الٹے ہوئے ورق برابر بڑھ رہے ہیں اور باقی ماندہ ورق برابر کم ہو رہے ہیں.......... اور ایک دن وہ ہو گا جب آپ اپنی زندگی کا آخری ورق الٹ رہے ہوں گے ....

جونہی آپ کی آنکھیں بند ہوں گی یہ کتاب بھی بند ہو جائے گی اور آپ کی یہ تصنیف محفوظ کر دی جائے گی

کبھی آپ نے غور کیا؟ اس کتاب زندگی میں آپ کیا درج کر رہے ہیں؟ روزانہ کیا کچھ اس میں لکھ کر آپ اس کا ورق الٹ دیتے ہیں۔ آپ کو شعور ہو یا نہ ہو، آپ کی یہ تصنیف تیار ہو رہی ہے اور آپ اس کی ترتیب و تکمیل میں اپنی ساری قوتوں کے ساتھ لگے ہوئے ہیں۔ اس میں آپ وہ سب کچھ لکھ رہے ہیں، جو آپ سوچتے ہیں، دیکھتے ہیں، سنتے ہیں، سناتے ہیں، چاہتے ہیں، کرتے ہیں اور کراتے ہیں، اس میں صرف وہی کچھ نوٹ ہو رہا ہے جو آپ نوٹ کر رہے ہیں کسی دوسرے کو ہرگز کوئی اختیار نہیں جو ایک شوشہ بھی اس میں بڑھا یا گھٹا سکے، اس کتاب کے مصنف تنہا آپ ہیں، اور صرف آپ ہی اپنی کوشش اور کاوش سے اسے ترتیب دے رہے ہیں، ....

(((((ذرا آنکھیں بند کیجئے اور سوچئے)))))

لمحہ فکریہ

کبھی آپ نے غور کیا کہ آپ اپنی کتاب زندگی کس ہاتھ میں لینے کی تیاری کر رہے ہیں ???

دائیں ہاتھ میں **یا** بائیں ہاتھ میں

دائیں ہاتھ میں وہی کتاب دی جائے گی جو اللہ کی نظر میں دائیں ہاتھ کے لائق ہو گی اور بائیں ہاتھ میں وہی کتاب دی جائے گی جو اللہ کی نظر میں بائیں ہاتھ کے لائق ہو گی

"کل"، یہی کتاب آپ کے ہاتھ میں ہو گی اور شہنشاہ واحد وقہار آپ سے کہے گا!

اِقْرَاْ كِتٰبَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾

پڑھ اپنی کتاب، آج اپنے نامۂ اعمال کا جائزہ لینے کیلئے تو خود ہی کافی ہے [بنی اسرائیل ۱۴]

سنجیدگی سے سوچنے کی بات کہ آپ شب و روز کی دوڑ دھوپ سے جو کتاب مرتب کر رہے ہیں وہ کس آرزو کے ساتھ کر رہے ہیں

ماخوذ کتاب "شعور حیات اول" (یوسف اصلاحی) البدر پبلی کیشنز، اردو بازار لاہور
042-7225030
0300-8485030

حی علی الفلاح
6366221
0334-6066221

يَا حَيُّ — فکر آخرت — يَا قَيُّومُ

فکر آخرت

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ مُّعْرِضُونَ 21-الانبیاء 1

قریب آ گیا ہے لوگوں کے حساب کا وقت، اور وہ ہیں کہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ إِلَيْنَا تُرْجَعُونَ 29-العنکبوت 57

ہر متنفس کو موت کا مزہ چکھنا ہے پھر تم سب نے ہماری ہی طرف واپس پلٹ کر آنا ہے

اے انسان تو سمجھتا ہے کہ تو ہمیشہ زندہ رہے گا لیکن بالکل نہیں

بلکہ بہت جلد تمہارا نام زندوں میں سے نکال کر مُردوں کی فہرست میں شامل کر دیا جائے گا

والدین تو بہت ہی روئیں گے بالا آخر مایوس ہو کر بیٹھ جائیں گے

احباب عزیز و اقارب تمہیں خوب یاد کر کے پھر ہمیشہ کے لئے بھول جائیں گے

بیوی کچھ عرصہ سوگوار رہے گی **یا** **شوہر** بھی کچھ مدت افسردہ اور پریشان رہے گا

مگر چند روز کے بعد حالات کی تبدیلیاں انھیں تازہ مشاغل میں الجھا دیں گی

بچے تو بہت بلک بلک کر روئیں گے مگر آہستہ آہستہ ان کے ذہن سے تمہارا نقش محو ہوتا چلا جائے گا

طوفان باد و باراں اور گردشِ لیل و نہار دستوراً تمہاری قبر کی بلندی کو ہموار کر کے تمہارا نام صفحہ ہستی سے مٹا دیں گے

چند سال بعد ایک بھولے ہوئے خواب کی مانند ہو جاؤ گے

نصف صدی گذر جانے پر اس بات کا باور کرنا مشکل ہوگا کہ تم کبھی دنیا میں آئے بھی تھے

اس لئے دنیا کی فکر چھوڑ دو اور موت کی فکر کرو

نیز آخرت کی تیاری کرو جہاں ابدی زندگی تمہارا انتظار کر رہی ہے

لمحہ فکریہ

ہر شخص کو یہ فکر تو ہے کہ اُس کے مرنے کے بعد اُس کی اولاد کا کیا ہوگا؟

لیکن یہ فکر نہیں کہ اولاد کے مرنے کے بعد اولاد کا کیا ہوگا؟

Prepared by : Muhammad Umar Khan 0300 - 0322- 6366221 - 0334-6066221

آج کا فتنہ دجالی فتنہ

ہر دجالی فتنہ سے حفاظت کیلئے عمل

قرآن کی نظر میں

فضائل سورۃ کہف

حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ ایک صحابی سورۃ کہف کی تلاوت کر رہے تھے۔ ان کے نزدیک ہی ایک طرف ان کا گھوڑا دو رسیوں سے بندھا ہوا تھا، اچانک نور کے ایک بادل نے ان کو ڈھانپ لیا اور ان کے قریب سے قریب تر آنے لگا اور گھوڑا بدکنے لگا، صبح کو جب انہوں نے اس واقعہ کا ذکر رسول اللہ ﷺ سے کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا "یہ سکینت تھی جو قرآن کریم کی تلاوت کی وجہ سے اتر رہی تھی۔ (بخاری، مسلم، ترمذی)

حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے سورۃ کہف کی ابتدائی دس آیات یاد کیں وہ دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔ (مسلم)

حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "جو شخص جمعہ کے دن سورۃ کہف پڑھے گا تو دو جمعوں کے درمیان (یعنی ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک) نور رہے گا۔ (بیہقی، مشکوۃ)

حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا "جس نے سورۃ کہف کی پہلی تین آیات یاد کرلیں اور ان کو پڑھتا رہا تو وہ دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔ (ترمذی)

سُوْرَۃُ الْکَہْفِ مَکِّیَّۃٌ وَّہِیَ مِائَۃٌ وَّعَشْرُ اٰیٰتٍ وَّاثْنَا عَشَرَ رُکُوْعًا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّہٗ عِوَجًا ۝١ قَیِّمًا لِّیُنْذِرَ بَاْسًا شَدِیْدًا مِّنْ لَّدُنْہُ وَیُبَشِّرَ
الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَہُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۝٢ مّٰکِثِیْنَ فِیْہِ اَبَدًا ۝٣ وَّیُنْذِرَ الَّذِیْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰہُ
وَلَدًا ۝٤ مَا لَہُمْ بِہٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِہِمْ کَبُرَتْ کَلِمَۃً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاہِہِمْ اِنْ یَّقُوْلُوْنَ اِلَّا کَذِبًا ۝٥
فَلَعَلَّکَ بَاخِعٌ نَّفْسَکَ عَلٰٓی اٰثَارِہِمْ اِنْ لَّمْ یُؤْمِنُوْا بِہٰذَا الْحَدِیْثِ اَسَفًا ۝٦ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَی الْاَرْضِ زِیْنَۃً لَّہَا
لِنَبْلُوَہُمْ اَیُّہُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝٧ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَیْہَا صَعِیْدًا جُرُزًا ۝٨ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْکَہْفِ وَالرَّقِیْمِ
کَانُوْا مِنْ اٰیٰتِنَا عَجَبًا ۝٩ اِذْ اَوَی الْفِتْیَۃُ اِلَی الْکَہْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً وَّہَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝١٠

تعریف اللہ کیلئے ہے جس نے اپنے بندے پر یہ کتاب (قرآن مجید) نازل کی اور اس میں کوئی ٹیڑھ (کجی) نہیں رکھی (1) یہ سیدھا راستہ بتانے والی کتاب ہے تاکہ
لوگوں کو اللہ کے سخت عذاب سے خبردار کرے اور ایمان لا کر نیک عمل کرنے والوں کی خوشخبری دے کہ ان کے لئے اچھا اجر ہے (2) جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے (3)
اور ان لوگوں کو ڈرائے جو کہتے ہیں کہ اللہ نے کسی کو بیٹا بنایا ہے (4) اس بات کا نہ انہیں کوئی خود علم ہے اور نہ ان کے باپ دادا کو تھا۔ بہت ہی سخت بات ہے جو
ان کے منہ سے نکلتی ہے، جو کچھ وہ کہتے ہیں سراسر جھوٹ ہے (5) اے نبی ﷺ شاید آپ ان کے پیچھے غم کے مارے اپنے آپ کو ہلاک کر ڈالیں گے اگر یہ اس
تعلیم پر ایمان نہ لائے (6) جو کچھ بھی زمین پر ہے اس کو ہم نے زمین کی زینت بنا دیا ہے تاکہ ہم ان لوگوں کو آزمائیں کہ ان میں کون اچھے عمل کرنے والا ہے (7)
بے شک جو کچھ (زمین) پر ہے اس سب کو ہم ایک چٹیل میدان بنا دینے والے ہیں (8) کیا آپ سمجھتے ہیں کہ غار اور کتبے والے ہماری کوئی بڑی عجیب نشانیوں میں
سے تھے؟ (9) جب چند نوجوانوں نے غار میں پناہ لی تو انہوں نے کہا کہ "اے پروردگار ہم کو اپنی رحمت خاص سے نواز اور اس معاملے میں ہماری رہنمائی فرما" (10)